QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 255

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ 04 مئی 2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 5 مئی اور 6 مئی کو (روزانہ) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ائیر پورٹ روڈ، ویسٹرن بائی پاس، چشمہ، واسا، خروٹ آباد، جبل نور، دوستین، عمر، تکاتو، ادیان اور داریم فیڈروں سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہیگی۔اسی طرح 5 مئی کو (بروز منگل) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی، عالم خان، مالک، اولڈ سمنگلی، انٹرکنیکٹر فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے جبکہ 6 مئی کو مری آباد گرڈ اسٹیشن کے 11kv کانسی ون، کانسی ٹو، لیاقت بازار ایکسپریس فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔

اسکے علاوہ 7 مئی کے روز کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv بروری روڈ، اولڈ سمنگلی، پی اے ایف، شہباز ٹاون، جی او آر کالونی، جناح ٹاون، کلی دیبہ، ملک پلانٹ فیڈرز جبکہ سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سمنگلی ایکسپریس، اے ون سٹی، جڑسا، غازی، واسا فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند رہیگی نیز اُسی روز زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی بائی پاس اور صاحبزادہ فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔